حصہ اول

اصول علم حساب

مصنفۂ رائے برج بھوکن لال صاحب بہادر

سابق رجسٹرار صاحب جوڈیشل کمشنر بہادر اودھ حال سکرٹری وقف حسین آباد مبارک

واقع شہر لکھنؤ

(۵)

بار اول بمقام لکھنؤ

حسب صحت و فرمائش مصنف ممدوح بحفظ حق رجسٹری

مطبع نامی منشی نول کشور میں بحسن خوبی منطبع ہوا

سنہ ۱۸۹۴ع

فہرست مضامین مندرجہ کتاب اصول علم حساب

حصہ اول

اصول علم حساب

مصنفہ راجہ بھوکھن لال صاحب بہادر

اصول علم حساب

دیباچہ

ہرچند کتابین علم حساب کی انگریزی وفارسی مین بکثرت ہین اورچھپوانا اور شائع کرنا اس کتاب کا عوام کی نظر مین شاید بیفائدہ سمجھا جائے لیکن سبب تالیف اس کتاب کا یہ ہی کہ مجھکو عرصہ دراز سے شوق اس امر کا رہا ہی کہ ایک رسالہ علم حساب کا لکھکر شائع کرنا چاہیے مگر کثرت اشغال سے ابھی تک وہ منصوبہ دل ہی مین رہا جب مجھکو سرکار انگریزی سے پنشن عطا ہوئی تب مین نے ارادہ کیا کہ کتاب علم حساب کی لکھنا چاہیے چنانچہ اُن دنون مین تقسیم تک لکھنے کی نوبت آئی سنہ ۱۸۷۸ء مین پھر دفتر وثیقہ لکھنؤ سے راقم اوراق ہٰذا کو تعلق ہوگیا اور سنہ ۱۸۷۹ء مین کام سکرٹری امام باڑہ حسین آباد مبارک واقع شہر لکھنؤ

کا سپرد ہوا یعنے جو فرصت وقت کنارہ کش ہونے کے نوکری سرکار
سے اور لینے پنشن کے حاصل ہوئی تھی پھر مفقود ہوئی اور رسالہ علم
حساب کا جو مین نے شروع کیا تھا ناتمام رہا درینولا چند احباب نے
یہ خواہش ظاہر کی کہ جس قدر لکھا گیا ہو اوسیقدر چھپوا کر شایع کرنا چاہیے
لہذا اسر دست یہ کتاب تقسیم مفرد تک چھپوا کر خاص و عام کی نظر سے
گذرانی جاتی ہے —

مطالعہ اس کتاب سے ظاہر ہوگا کہ ایک ایک قسم حساب کا قاعدہ
کئی طور پر بیان کیا گیا ہے اور جو قواعد اس کتاب مین درج ہوئے ہین
اکثر کتابون مین نظر سے نہین گذرے مثلاً اس کتاب مین چار قاعدہ
ضرب کے جس صورت مین مضروب و مضروب فیہ مین ہندسہ متعدد
ہون مولف نے لکھے ہین اور اکثر کتب انگریزی مین صرف ایک
قاعدہ جو معروف ہے دیکھنے مین آیا ہے پس جو قواعد میرے ذہن مین
ہین اونکا شایع کرنا مناسب متصور ہوا فقط

راقم برج بھوکھن لال

۲۵ جون سنہ ۱۸۸۸ عیسوی

اصول علم حساب

حصہ اول

حساب وہ علم ہی جس مین بیان اعداد کا ہی اور بذریعہ اعداد کے حساب لگایا جاتا ہی اور اگرچہ لفظ حساب سوالات متعلقہ جبر و مقابلہ سے بھی متعلق کیا جاتا ہی لیکن جبر و مقابلہ مین حروف سے حساب لگایا جاتا ہی اور اس کتاب مین صرف اعداد سے حساب لگانے کا طریقہ بیان کیا جائیگا۔

فارسی زبان مین دو طریقہ عدد لکھنے کے ہین اول ہندسہ دوم رقم

ہندسہ ایک سے دس تک اس طرح پر لکھتے ہین

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
ایک	دو	تین	چار	پانچ	چھ	سات	آٹھ	نو	دس

رقم ایک سے دس تک اس طرح پر لکھتے ہین

عصہ عـعال سے للعہ عہ سے کہ مہ سے لہ عـہ

طریقہ رقم لکھنے کا صرف سیاق دانون مین مروج ہی اور اس کتاب مین اوس سے سروکار نہین رہیگا

صفر کو بطریق نقطہ کے لکھا جاتا ہی جب تک کسی عدد کے ساتھ نہ آوے

تب تک اوسکی تعداد کچھ نہین ہوتی اور جب کسی عدد کے ساتھ آتا ہی اور اوسکی داہنی طرف لکھا جاتا ہی تو اوس عدد کی تعداد کو دس گنا زیادہ کر دیتا ہی مثلاً صرف صفر کچھ نہین ہی لیکن اگر اسی صفر کو ایک کے داہنی طرف لکھین اسطرح ۱۰ تو ایک کی تعداد دس گنی زیادہ ہو گئی یعنی دس ہو گئے اور اگر دو صفر کسی عدد کے داہنی طرف لکھین تو اوس عدد کی تعداد سو گنی زیادہ ہو جاتی ہی اور اگر تین صفر ہوں تو ہزار گنی اور علی ہذا القیاس عدد کی مقدار دو طرح پر سمجھنا چاہیے ایک اصلی اور دوم بلحاظ مراتب مقدار اصلی اوس صورت مین ہوتی ہی جب تنہا آتا ہی یا جس عدد مین چند حروف ہون اوس مین سب سے داہنی طرف ہو مثلاً ۲ صرف دو ہی یا ۲۵ مین داہنی طرف کا حرف ۵ کی مقدار صرف پانچ ہی اور بلحاظ مراتب عدد کے مقدار کی یہ کیفیت ہی کہ جب کسی عدد مین چند حروف ہون تو جو حرف دوسرے درجہ پر ہوتا ہی تو اوسکی تعداد دہ چند زیادہ ہو جاتی ہی مثلاً ۲۱ یہان پر ۲ کو بجاے ۲۰ کے ہی اور اگر کوئی عدد تیسرے درجہ پر ہو تو اوسکی تعداد سو گنی زیادہ ہو جاتی ہی مثلاً ۲۱۳ اس مثال مین ۲ سے مراد ۲۰۰ سے ہی

اور اگر کوئی عدد چوتھے درجہ پر ہو تو اوسکی تعداد ہزار گنی زیادہ ہو جاتی ہی

مثلاً ۲۱۳۴ اس مثال مین ۲ سے مراد ۲۰۰۰ سے ہی اسیطرح ہر جو
عدد داہنے طرف مین اول ہی اوس سے جو عدد زیادہ فاصلہ پر
ہوگا اوسکی تعداد دہ چند زیادہ ہوتی جائیگی

طریقہ عدد لکھنے کا ایک سے سو تک

صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد
۱	ایک	۱۰	دس	۱۹	اونیس	۲۸	اٹھائیس
۲	دو	۱۱	گیارہ	۲۰	بیس	۲۹	اونتیس
۳	تین	۱۲	بارہ	۲۱	اکیس	۳۰	تیس
۴	چار	۱۳	تیرہ	۲۲	بائیس	۳۱	اکتیس
۵	پانچ	۱۴	چودہ	۲۳	تئیس	۳۲	بتیس
۶	چھہ	۱۵	پندرہ	۲۴	چوبیس	۳۳	تینتیس
۷	سات	۱۶	سولہ	۲۵	پچیس	۳۴	چونتیس
۸	آٹھ	۱۷	سترہ	۲۶	چھبیس	۳۵	پینتیس
۹	نو	۱۸	اٹھارہ	۲۷	ستائیس	۳۶	چھتیس

صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد
۳۷	سینتیس	۵۰	پچاس	۶۳	ترسٹھ	۷۶	چھہتر
۳۸	اڑتیس	۵۱	اکیاون	۶۴	چوسٹھ	۷۷	ستتّر
۳۹	اونتالیس	۵۲	باون	۶۵	پینسٹھ	۷۸	اٹھتر
۴۰	چالیس	۵۳	ترپن	۶۶	چھاسٹھ	۷۹	اُونّاسی
۴۱	اکتالیس	۵۴	چوَن	۶۷	سڑسٹھ	۸۰	اسّی
۴۲	بیالیس	۵۵	پچپن	۶۸	اڑسٹھ	۸۱	اکیاسی
۴۳	تیتالیس	۵۶	چھپّن	۶۹	اونھتّر	۸۲	بیاسی
۴۴	چوالیس	۵۷	ستاون	۷۰	ستّر	۸۳	تراسی
۴۵	پیتالیس	۵۸	اٹھاون	۷۱	اکھتر	۸۴	چوراسی
۴۶	چھیالیس	۵۹	اونسٹھ	۷۲	بہتر	۸۵	پچاسی
۴۷	سینتالیس	۶۰	ساٹھ	۷۳	تہتر	۸۶	چھیاسی
۴۸	اڑتالیس	۶۱	اکسٹھ	۷۴	چوہتر	۸۷	ستاسی
۴۹	اونچاس	۶۲	باسٹھ	۷۵	پچھتر	۸۸	اٹھاسی

صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد
٨٩	نواسی	٩٢	بانوے	٩٥	پچانوے	٩٨	اٹھانوے
٩٠	نوے	٩٣	ترانوے	٩٦	چھیانوے	٩٩	ننانوے
٩١	اکیانوے	٩٤	چورانوے	٩٧	ستانوے	١٠٠	سو

اسماء مراتب

اکائی ١	دہائی ٢	سیکڑا ٣	ہزار ٤	دس ہزار ٥
لاکھ ٦	دس لاکھ ٧	کروڑ ٨	دس کروڑ ٩	ارب ١٠
دس ارب ١١	کھرب ١٢	دس کھرب ١٣	نیل ١٤	دس نیل ١٥
پدم ١٦	دس پدم ١٧	سنکھ ١٨	دس سنکھ ١٩	ننا سنکھ ٢٠

اس قدر نام مراتب کے معروف ہیں اور حساب دفتری کے لیے کافی متصور ہیں مگر یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ ہمارے سنکھ عدد کی انتہا ہو جاتی ہے آگے اور نام بھی مقرر کیے جا سکتے ہیں اول مبتدی کو واجب ہے کہ عدد صحیح لکھنے اور پڑھنے کی مہارت حاصل کرے

قاعدہ عدد کے پڑھنے کا

جس عدد کو پڑھنا منظور ہو اول داہنے ہندسہ سے بتلفظ اسماء مراتب
یکائی دہائی سیکڑا وغیرہ دریافت کرو کہ کس مرتبہ تک نوبت پھونچتی ہی مثلاً
اگر تین ہندسہ ہوئے تو سیکڑے تک نوبت پھونچیگی اور چار ہوئے تو ہزار
تک اور سات ہوئے تو دس لاکھ تک نوبت پھونچے گی بعد ازان
اگر عدد مین چار یا چھہ یا آٹھ وغیرہ ہندسے ہون یعنے ہندسون کی
تعداد جفت ہو تو عدد کے سب سے بائین ہندسے کو بنام مزداوسکے
مرتبہ کے پڑہو پھر دو دو ہندسون کو مع اونکے مراتب کے بیان
کرو جب تک سیکڑے کے ہندسے تک نہ پھونچو پھر سیکڑے کے
ہندسے کو پڑہکر باقی دو ہندسون کو پڑہو

مثلاً ۰۱۲ ۸۹ ۰ ۰ ۵۶ ۴ ۰ ۸ کو پڑہنا منظور ہی تو معلوم ہوگا کہ تعداد
ہندسون کی بارہ یعنے جفت ہی اور داہنے طرف سے بنام یکائی دہائی
سیکڑا وغیرہ پڑہا تو بارہوین ہندسے مین کھرب تک نوبت پہونچی اور
اس عدد مین چار صفر ہین اول صفر داہنے طرف سیکڑے کی جگہہ پر ہی
تو معلوم ہوا کہ سیکڑا غایب ہی اور دوسرا اور تیسرا صفر بجاے لاکھ اور
دس لاکھ کے ہی تو معلوم ہوا کہ اس عدد کے پڑہنے مین لاکھ کا نام بھی

صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد	صورت عدد	نام عدد
۸۹	نواسی	۹۲	بانوے	۹۵	پچانوے	۹۸	اٹھانوے
۹۰	نوے	۹۳	ترانوے	۹۶	چھیانوے	۹۹	ننانوے
۹۱	اکیانوے	۹۴	چورانوے	۹۷	ستانوے	۱۰۰	سو

اسماء مراتب

اکائی ۱	دہائی ۲	سیکڑہ ۳	ہزار ۴	دس ہزار ۵
لاکھ ۶	دس لاکھ ۷	کروڑ ۸	دس کروڑ ۹	ارب ۱۰
دس ارب ۱۱	کھرب ۱۲	دس کھرب ۱۳	نیل ۱۴	دس نیل ۱۵
پدم ۱۶	دس پدم ۱۷	سنکھ ۱۸	دس سنکھ ۱۹	مہا سنکھ ۲۰

اس قدر نام مراتب کے معروف ہیں اور حساب ضروری کے لیے کافی متصور ہیں مگر یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ مہا سنکھ عدد کی انتہا ہو جاتی ہے آگے اور نام بھی مقرر کیے جا سکتے ہیں اول مبتدی کو واجب ہے کہ عدد صحیح لکھنے اور پڑھنے کی مہارت حاصل کرے

قاعدہ عدد کے پڑھنے کا

جس عدد کو پڑہنا منظور ہو اول داہنے ہندسے سے بتلفظ اسماء مراتب یکائی دہائی سیکڑا وغیرہ دریافت کرو کہ کس مرتبہ تک نوبت پہونچتی ہی مثلا اگر تین ہندسہ ہوئے تو سیکڑے تک نوبت پہونچیگی اور چار ہوئے تو ہزار تک اور سات ہوئے تو دس لاکھ تک نوبت پہونچے گی بعد ازان اگر عدد مین چار یا چھہ یا آٹھہ وغیرہ ہندسے ہون یعنے ہندسون کی تعداد جفت ہو تو عدد کے سب سے بائین ہندسے کو بنام فرد اوسکے مرتبہ کے پڑہو پھر دو دو ہندسون کو مع اونکے مراتب کے بیان کرو جب تک سیکڑے کے ہندسے تک نہ پہونچو پھر سیکڑے کے ہندسے کو پڑہکر باقی دو ہندسون کو پڑہو

مثلاً ۱۲۰۹۸۰۰۶۵۰۴۰۸ کو پڑہنا منظور ہی تو معلوم ہوگا کہ تعداد ہندسون کی بارہ یعنے جفت ہی اور داہنے طرف سے بنام فرد یکائی دہائی سیکڑا وغیرہ پڑہا تو بارہوین ہندسے ۸ مین کھرب تک نوبت پہونچی اور اس عدد مین چار صفر ہین اول صفر داہنے طرف سیکڑے کی جگہہ پر ہی تو معلوم ہوا کہ سیکڑا غایب ہی اور دوسرا اور تیسرا صفر بجاے لاکھہ اور دس لاکھہ کے ہی تو معلوم ہوا کہ اس عدد کے پڑہنے مین لاکھو کا نام بھی

نہ آئیگا اور چوتھا صفر بجاے دس ارب کے ہی یعنی ارب کی جاہی
غایب ہی ان سب مدارج پر غور کرکے اوس عدد کو پڑھا تو آٹھ کھرب چار
ارب چھپن کرور نواسی ہزار اور بارہ ہوا

اور اگر عدد مین تین یا پانچ یا سات وغیرہ ہندسے ہون یعنی ہندسون
کی تعداد طاق ہو تو بائین طرف سے دو دو ہندسون کو ملا کر بنا فرد اد
مراتب کے پڑھو جب تک سیکرے کے ہندسے تک نہ پہونچو پھر سیکرے
کے ہندسے کو پڑھکر باقی دو ہندسون کو ملا کر پڑھو

مثال ۹۲۸۰۰۴۰۰۵۶۷۸۰ کو پڑھنا منظور ہی تو داہنے طرف
سے بنا فرد یکائی دہائی سیکڑا وغیرہ پڑھا تو تیرہوین ہندسے مین دس کھرب
تک نوبت پہونچی اور اس عدد مین پانچ صفر ہین اول صفر بجاے
یکائی کے ہی یعنی یکائی کا ہندسہ غایب ہی اور دوسرا اور تیسرا صفر بجاے
لاکھ اور دس لاکھ کے ہی یعنی اس عدد کے پڑھنے مین لاکھ کا نام
بھی نہ آئیگا اور چوتھا صفر بجاے دس کرور کے ہی اور پانچوان صفر
بجاے ارب کے ہی ان سب مدارج پر غور کرکے پڑھا تو بانوے کھرب
اسّی ارب چار کرور چھپن ہزار سات سو اسّی ہوا

اعداد مندرجۂ ذیل کو پڑھو

نمبر شمار	اعداد
۱	۸ ۰
۲	۹ ۶
۳	۳ ۸ ۰
۴	۷ ۰ ۴
۵	۶ ۱ ۳ ۴
۶	۹ ۰ ۲ ۸
۷	۱ ۵ ۰ ۸ ۰
۸	۷ ۲ ۰ ۰ ۳
۹	۱ ۰ ۹ ۰ ۲ ۶
۱۰	۴ ۸ ۳ ۵ ۰ ۰
۱۱	۲ ۵ ۰ ۰ ۶ ۲ ۹
۱۲	۷ ۵ ۲ ۳ ۰ ۰ ۰
۱۳	۱ ۳ ۴ ۰ ۵ ۶ ۷ ۰
۱۴	۴ ۷ ۰ ۵ ۰ ۰ ۲ ۳
۱۵	۳ ۰ ۹ ۰ ۲ ۵ ۶ ۰ ۰
۱۶	۴ ۷ ۲ ۳ ۵ ۰ ۷ ۶ ۸ ۹
۱۷	۲ ۷ ۴ ۸ ۵ ۶ ۳ ۹ ۰ ۰ ۰ ۰
۱۸	۶ ۵ ۷ ۸ ۶ ۰ ۰ ۳ ۰ ۷ ۰ ۲ ۴

قاعدہ عدد کے لکھنے کا

جو قاعدہ عدد کے پڑہنے کا اوپر لکھا گیا اوس سے ظاہر ہوگا کہ عدد بائین
طرف سے پڑہا جاتا ہی اور جو بڑا مرتبہ ہوتا ہی اوسکا نام پہلے زبان
پر آتا ہی اب عدد کے لکھنے کا قاعدہ یہ ہی کہ جس عدد کو لکھنا منظور ہو
اوس مین جس مرتبہ کا نام زبان سے پہلے لیا جائے اوس کے
بابت دریافت کرو کہ اوس عدد مین کتنے ہندسے ہونگے مثلاً
چھپن کرور بیاسی ہزار نوسو آٹھ لکھنا چاہتے ہین تو معلوم ہوا کہ
کرور کی دہائی تک لکھنا منظور ہی اور کرور کی دہائی تک نو ہندسے ہونا
چاہیے بعد ازان یہ دریافت کرو کہ اکائی سے کرور کی دہائی تک جو
نو مرتبہ ہین اون مین سے کسکا نام بیان کیا گیا اور کسکا نہین اور جس
مرتبہ کا نام جس ہندسہ کے ذریعہ سے بیان کیا گیا ہو اوس مرتبہ کی
جگہہ وہ ہندسہ لکھو اور جس مرتبہ کا نام نہ بیان کیا گیا ہو وہان پر صفر
لکھو

مثال چھپن کرور بیاسی ہزار نوسو آٹھ ہندسہ مین لکھنا منظور ہی تو
کرور کے بعد لاکھ کا نام یعنے لاکھ کی اکائی اور دہائی دونون غائب
ہین پس بجائے لاکھ کی اکائی اور دہائی کے دو صفر آوینگے اوسکے بعد

کے بعد دہائی کا حرف بھی غایب ہی تو وہان بھی ایک صفر آئے گا
یعنے عدد مذکور مین تین صفر ہونگے اسطرح پر ۵۶۰۰۸۲۹۰۸

سوالات

اعداد مندرجہ ذیل ہندسہ مین لکھو

۱ ستاون

۲ دو سو چھیاسی

۳ نو ہزار دو سو دس

۴ ستائیس ہزار پانسو چورانوے

۵ چھ لاکھ چالیس ہزار چار سو اکیاسی

۶ تیئیس لاکھ ساٹھ ہزار ایک سو چھ

۷ چالیس کرور بیاسی لاکھ پچپن ہزار ایک سو بانوے

۸ ستائیس ارب اسی لاکھ چھیانوے ہزار دو سو چار

۹ دو کھرب پچپن کرور ایک لاکھ دس ہزار سولہ

۱۰ دو نیل دس کھرب اکیاسی کرور چونسٹھ ہزار ایک سو پچاس

جمع

ایک قسم کے اعداد مختلف کو یکجا کر کے اونکے جملہ کے دریافت

کرنے کو جمع کرنا یا میزان دینا کہتے ہین

قاعدہ

جن عددوں کو جمع کرنا منظور ہو اون سب کو ایک دوسرے کے تلے اِس ترتیب سے لکھو کہ اِکائی کے نیچے اِکائی ہو اور دہائی کے نیچے دہائی اور سیکڑے کے نیچے سیکڑا اور علی ہذا القیاس جس مرتبہ کا ہندسہ ہو اوسی مرتبہ کے نیچے ہو اور اگر کسی ہندسہ کا مرتبہ ایسا ہو کہ اوپر کے عددون مین اوس مرتبہ کا ہندسہ نہ آیا ہو تو یہ ہندسہ بائین طرف اور ہندسون سے زیادہ بڑھا ہوگا اور داہنے طرف سب ہندسہ ایک خط مستقیم میں ہونگے جب سب اعداد جنکا جوڑنا منظور ہو لکھ چکو تب اون سب اعداد کے تلے ایک خط فاصل کھینچو بعد ازان اِکائی کے جتنے ہندسہ ہون اونکا جوڑ کرو اگر یہ جملہ ۹ سے کم ہو تو اوسکو زیر خط فاصل اِکائی کے تلے لکھو اور اگر ۹ سے زیادہ ہو تو دریافت کرو کہ اوس جملہ مین اِکائی کسقدر ہین اور دہائی کسقدر اور اِکائی کو تو زیر خط فاصل اِکائی کے نیچے لکھو یا اگر اِکائی مین کوئی ہندسہ نہو تو صفر لکھو اور دہائی جسقدر ہو اوسکو دہائی مین جوڑ کر دہائی کے سب عددون کی میزان دو واسی طرح

یکائی کے جوڑنے مین عمل کیا تھا اوسی طرح نسبت دہائی کے عمل کرو
اور اوسی طرح جملہ مراتب کے ہندسون کو جوڑو جبتک کہ بائین طرف
جو آخر مرتبہ کا ہندسہ یا ہندسے ہون وہان تک نوبت نہ پہونچے
جب آخر مرتبہ کے ہندسون کو جوڑو تو اوسکا جملہ اوس کے تلے
لکھدو

مثال ۳۵۶ اور ۸۰۲۴ اور ۹۸۰۰۹ کو جمع کرنا منظور ہی تو انکو اول
بترتیب مندرجہ ذیل لکھا

یعنی ۶ اور ۴ اور ۹ یکائی کے ہندسے اور ایک دوسرے	۳۵۶
کے تلے ایک خط مستقیم مین ہین علی ہذا القیاس ۵ اور ۲	۸۰۲۴
	۹۸۰۰۹
اور صفر دہائی کے ہندسے ایک دوسرے کے تلے ہین	۱۰۶۳۸۹

اسی طور سے ۳ اور صفر اور صفر سیکڑے کے ہندسے ہین اور ۸
اور ۸ ہزار کے ہندسہ ہین اور ایک ۸ کے تلے دوسرا آٹھ ہی اور چونکہ
عدد اول ۳۵۶ مین ہزار کا مرتبہ نہین ہی تو عدد دوم ۸۰۲۴ مین ۸ کا ہندسہ
بائین طرف زیادہ بڑہا ہی اور چونکہ ہر دو عدد اول و دوم یعنی ۳۵۶
اور ۸۰۲۴ مین دس ہزار کے مرتبہ کا ہندسہ نہین ہی اس وجہ سے

عدد سوم مین ۹ کہ دس ہزار کے مرتبہ کا ہندسہ ہی بائین طرف زیادہ بڑہائے
بعد ازان اون تینون اعداد کے نیچے ایک خط فاصل کھینچا اسکے بعد
یکائی کے ہندسون کو کہ ۶ اور ۴ اور ۹ ہین جوڑا تو ۱۹ ہوا اس مین سے
۹ کو کہ یکائی کا ہندسہ ہی زیر خط فاصل یکائی کے تلے لکھدیا اور ایک کو
کہ دہائی کا ہندسہ ہی ۵ مین جوڑا تو ۶ ہوئے اور ۶ مین دوسرا ہندسہ
دہائی کا کہ دو ہی ملایا تو ۸ ہوئے یہ ۸ ۹ سے زیادہ نہین ہی پس
یہ ۸ دہائی کے نیچے لکھدیا اور ہاتھ کچھ نہ لگا اور ۳ سیکڑے کا ہندسہ ہی
اسکے تلے دونون صفر ہین تو ۳ مین کچھ نہ جوڑا گیا اور اوسی ۳ کو
زیر خط فاصل سیکڑے کے نیچے لکھدیا اور پھر ہاتھ کچھ نہ لگا بعد ازان
۸ اور ۸ کو کہ ہزار کے ہندسہ ہین جوڑا تو ۱۶ ہوئے اس مین سے ۶
کو ہزار کے نیچے لکھا اور ایک کو ۹ مین ملا دیا تو ۱۰ ہوئے تو ۰ کو
بجاے دس ہزار کے مرتبہ کے لکھا اور ایک کو بجاے لاکھ کے تو ایک
لاکھ چھ ہزار تین سو نواسی جملہ ہوا فقط

قاعدہ دریافت کرنے کا کہ میزان یعنی حاصل جمع یا جملہ صحیح ہی یا نہین

اول اوپر سے نیچے کی طرف جوڑ جاؤ مثلاً ۱۶ اور ۴ ۱۰ اور ۹ ۱۹ اسی

طرح سے سب عددونکو اوپر سے نیچے کی طرف جوڑ کر جملہ دریافت کرو
بعدازان نیچے سے اوپر کی طرف جوڑکر جملہ دریافت کرو اگر دونون جملہ
مطابق ہون تو جاننا چاہیے کہ حاصل جمع یعنے میزان صحیح ہے یہ ترکیب
ایسی ہے گویا دوبارہ میزان دینا ہے

دوسرا قاعدہ دریافت کرنیکا کہ حاصل جمع صحیح ہے یا غلط

بعد جوڑنے اون اعداد کے جنکے حاصل جمع کی جانچ منظور ہو سب سے
جو اوپر عدد ہو اوس کے تلے ایک خط کھینچ دو اور اوس عدد کو خارج از
حساب تصور کرکے باقی ماندہ نیچے کے عددونکو جوڑو اور اس دوسرے
جملہ کو جملۂ اول کے نیچے ایک خط کھینچ کر لکھدو بعدازان اس دوسرے
جملہ کو اوپر کے عدد مین جسکے تلے ایک خط کھینچا تھا جمع کرو اگر تیسرا
جملہ جملۂ اول سے مطابق ہو تو جاننا چاہیے کہ میزان صحیح ہے

مثال

	۱	۲	۳	۴	۵
	۶	۷	۸	۹	۰
	۹	۸	۷	۶	۵
	۴	۳	۲	۱	۰
	۱	۲	۳	۴	۵
	۶	۷	۸	۹	۰
۳	۰	۲	۴	۴	۵
۲	۹	۰	۱	۰	۰
۳	۰	۲	۴	۴	۵

اول ان چهه عددون کا یعنے ۱۲۳۴۵ اور ۶۷۸۹۰ اور ۹۸۷۶۵ اور ۴۳۲۱۰ اور ۱۲۳۴۵ اور ۶۷۸۹۰ کا جملہ کیا تو ۳۰۲۴۴۵ ہوا بعد ازان عدد اول ۱۲۳۴۵ کے تلے ایک خط کھینچ کر باقیماندہ پانچ عددون کا جملہ کیا تو جملہ ثانی ۲۹۰۱۰۰ ہوا بعد اسکے اس جملہ ثانی کو عدد اول یعنے ۱۲۳۴۵ مین جمع کیا تو ۳۰۲۴۴۵ ہوا چونکہ یہ جملہ ثالث جملہ اول سے مطابق ہی تو معلوم ہوا کہ حاصل جمع یعنے ۳۰۲۴۴۵ صحیح ہی فقط

تیسرا قاعدہ دریافت کرنے کا کہ حاصل جمع صحیح ہی یا غلط

جن اعداد کے حاصل جمع کی جانچ منظور ہو اُن مین سے عدد اول مین سے جس قدر ۹ خارج ہوسکین خارج کرکے باقی ماندہ کو ایک جگہ لکھو بعد ازان دوسری سطر مین سے اوسیطرح نو نو خارج کرکے باقی کو اوسکے تلے لکھو اسیطرح سے سب عددون مین سے جنکا جملہ کیا گیا ہی نو نو خارج کرکے ایک دوسرے کے تلے لکھو بعد ازان ان سب عددون کو کہ بعد خارج کرنے ۹ کے باقی بچے ہین جوڑ کر اور جس قدر ۹ خارج ہو سکین خارج کرکے باقی

کو ایک جگہہ لکھدو اور اوسی طرح سے حاصل جمع مین سے نو نو خارج
کرکے باقی کو دوسری جگہہ لکھدو اگر دونون باقی مساوی ہون تو یقین ہی
کہ جملہ صحیح ہی

مثال جمع

۳۴۹۷
۶۵۱۲
۰۲۹۵
―――――
۱۰۳۰۴

اعداد باقی ماندہ بعد خارج کرنے ۹ کے

باقی سطر اول ۵
باقی سطر دوم ۵
باقی سطر سوم ۶
۷

۷
۷

طریق جانچ از روی اخراج ۹ کے

سطر اول تین اور چار سات اور سات چودہ ۱۴ مین سے ۹ نکل گئے باقی بچے پانچ ۔


سطر دوم چھہ اور پانچ گیارہ گیارہ مین سے ۹ نکل گئے باقی بچے دو دو اور ایک تین اور دو پانچ ۔

سطر سوم آٹھہ اور دو دس دس مین سے نو نکل گئے باقی بچا ایک ایک اور پانچ چھہ ۔

بعد ازان ان تینون سطرون کا جملہ کیا اس طرح پر کہ پانچ اور پانچ

دس۱۰ دس۱۰ مین سے نو۹ نکل گئے باقی بچا ایک۱ ایک۱ اور چھ۶ سات
ایسے سات کو دو خط متقاطع کھینچ کر اوپر لکھا اور اسی طرح
حاصل جمع مین سے بھی کہ ۱۸۳۰۴ ہے نو خارج کرکے
سات باقی ماندہ کو خط متقاطع کے تلے لکھا اور چونکہ دونون
عدد بالا اور پائین کے برابر ہین تو تصور کرنا چاہیے کہ جملہ یعنے ۱۸۳۰۴
صحیح ہے

مثال دوسری جمع مع طریقہ جانچ   طریق امتحان بعد اخراج ۹ کے



۱۲۳۴۵

۶۷۸۹۰
۹۸۷۶
۵۴۳
۲۱
۹

۹۰۶۸۴

۷۸۳۳۹

۹۰۶۸۴

پانچ اور چھہ گیارہ اور تین چودہ اور ایک پندرہ اور نو چوبیس کے
چار ہاتھہ لگا دو دو اور چار چھہ اور نو پندرہ اور سات بائیس اور
چار چھبیس اور دو اٹھائیس کے آٹھہ ہاتھہ لگے دو دو اور تین پانچ
اور آٹھہ تیرہ اور آٹھہ اکیس اور پانچ چھبیس کے چھہ ہاتھہ لگے دو
دو اور دو چار اور سات گیارہ اور نو بیس کے صفر ہاتھہ لگے دو
دو اور ایک تین اور چھہ نو پس جملہ ۹۰۶۸۴ ہوا

طریق امتحان سطر اول یعنی ۱۱۲۳۴۵ کو ایک خط تلے کھینچ کر
علیحدہ کر دیا اور باقی ماندہ پانچ عددون کا جملہ کیا تو ۷۸۳۳۹ ہوا
اسکو جملہ اول کے تلے لکھا بعد ازان ۱۱۲۳۴۵ اور ۷۸۳۳۹ کا
جملہ کیا تو وہی ۹۰۶۸۴ مثل جملہ اول کے ہوا تو معلوم ہوا
کہ جملہ صحیح ہی

طریق امتحان از روے اخراج ۹ کے ایک اور دو تین اور تین چھہ
اور چار دس دس مین سے نو نکال ڈالے باقی بچا ایک ایک اور پانچ
چھہ اور چھہ بارہ مین سے نو نکل گئے باقی بچے تین تین اور
سات دس دس مین سے نو نکل گئے باقی بچا ایک ایک اور

آٹھ ۹ نو یہ نو اور اسکے بعد دو نو اور خارج ہو گئے آٹھ ۹ اور سات
پندرہ ۱۵ پندرہ مین سے ۹ نو نکل گئے باقی بچے چھہ ۶ چھہ اور چھہ ۶ بارہ ۱۲ بارہ مین سے
۹ نو نکل گئے باقی بچے تین ۳ تین ۳ اور پانچ ۵ آٹھ ۸ اور چار ۴ بارہ ۱۲ بارہ مین
۹ نو نکل گئے باقی بچے تین ۳ تین ۳ اور تین ۳ چھہ ۶ اور دو ۲ آٹھ ۸ اور ایک ۱
نو ۹ یہ نو ۹ اور اسکے بعد کا نو ۹ بھی خارج ہو گیا تو معلوم ہوا کہ جن اعداد
کی میزان دینا منظور ہی اون مین سے اگر نو ۹ نو خارج کر ڈالین تو صفر
بچتا ہی اسکو دو خط متقاطع کھینچ کر اوپر لکھا اور جملہ مین سے بھی کہ
۴ ۵ ۰ ۶ ۹ ہی نو ۹ نو خارج کیے تو باقی صفر بچا اور چونکہ دونو جگہہ صفر ہی
تو معلوم ہوا کہ جملہ صحیح ہی

مثال تیسری جمع مع طریقہ جانچ

پانچ اور چھہ ۶ گیارہ ۱۱ اور سات	۱	۲	۳	۴	۵	
			۸	۷	۶	۳
اٹھارہ ۱۸ اور چھہ چوبیس ۲۴ اور		۹	۰	۸	۷	۳
				۵	۶	
چار اٹھائیس ۲۸ اور دو تیس ۳۰			۲	۳	۴	
		۱	۰	۱	۲	
کے صفر ساتھ لگے تین ۳ تین	۲	۳	۶	۱	۰	
	۱	۱	۲	۶	۵	
اور چار سات اور سات چودہ ۱۴	۲	۳	۶	۱	۰	

اور آٹھہ بائیس۲۲ اور پانچ ستائیس۲۷ اور تین تیس۳۰ اور ایک اکتیس۳۱ کے ایک۱ ہاتھہ لگے تین۳ تین۳ اور تین۳ چھہ۶ اور آٹھہ چودہ۱۴ اور دو سولہ۱۶ کے چھہ۶ ہاتھہ لگا ایک ایک۱ اور دو۲ تین۳ اور نو۹ بارہ۱۲ اور ایک۱ تیرہ۱۳ کے تین۳ ہاتھہ لگا ایک ایک۱ اور ایک۱ دو۲ پس جملہ ۲۳۶۱۰ ہوا

طریقہ جانچ سطر اول یعنے	۵۴۳۲۱	
	۶۷۸	۳
۵۴۳۲۱ کے	۷۸۰۹	۳
	۶۵	
نیچے ایک خط فاصل کھینچکر	۴۳۲	
	۲۱۰۱	
باقی ماندہ پانچ سطرون کے	۰۱۶۳۲	
	۵۶۲۱۱	
اعداد کا جملہ کیا تو ۵۶۲۱۱	۰۱۶۳۲	

ہوا اب اسکو اور سطر اول ۵۴۳۲۱ کو یکجا کیا تو پھر وہی ۲۳۶۱۰ ہوا تو معلوم ہوا کہ جملہ اول ۲۳۶۱۰ صحیح ہے

دوسرا طریقہ جانچ کا از روے اخراج ۹ کے

جملہ اعداد مین جنکو جوڑنا منظور ہے نو۹ نو خارج کیے تو باقی تین۳ بچے اسکو دو خط متقاطع کھینچ کر اوپر لکھا اور جملہ مین سے بھی کہ ۲۳۶۱۰ ہے نو۹ نو خارج کیے تب بھی تین باقی بچے اسکو تلے لکھا اور چونکہ عدد بالا اور پائین مساوی ہے

تو معلوم ہوا کہ جملہ ۲۳۶۱۰ صحیح ہے

سوالات جمع

سوال اول ۳۴۲۶ و ۹۰۲۴ و ۵۱۰۶ و ۴۹۹۹۰ و ۱۲۰
کا جملہ کرو

سوال دوم ۵۰۹۲۶۷ و ۲۳۵۸۰۹ و ۷۲۹۲۰ و ۸۳۹۲
و ۲۰۴ و ۱۲ و ۹ کی میزان دو

سوال سوم ۲ و ۱۹ و ۸۱۷ و ۴۲۹۸ و ۵۰۹۱۶ و ۷۳۰۲۰۵
و ۴۳۶۰۸۱۹ کا جملہ کیا ہے

سوال چہارم ۱۹ و ۲ و ۸۵ و ۸ و ۴ و ۳ و ۳ و ۹۹ و ۸۴ و ۹۵ و ۸۹۹
و ۷۳ و ۸۰۹ و ۶۸۹ و ۳۸۴ و ۱۳۸۲ کا جملہ کرو

سوال پنجم ۴۸۳۷ و ۳۲۶ و ۶۷۸۰ و ۵۷ و ۶۷۸۰ و ۹۷۴۵
و ۵۷۶۹ و ۸۰۳۱ و ۶۵۴۳ و ۲۰۰۲ و ۹۹۹۹ کا جملہ کرو

سوال ششم ۶۴۷۳۸ و ۲۴۷۸ و ۶۹۲۵۷۷ و ۴۵۶ و ۷
و ۹۳۵۴۷۳ و ۳۶۲ و ۱۳۸۹۷ و ۹۸۴۵۳ و ۲۵ و ۴۷۳
و ۸۰۰۴۲۷ و ۸۶۴۹۴۶ کا جملہ کرو

۱ ۲ ۳ ۴
سوال ہفتم ۴۷۳۸۶۸۵ و ۲۳۷۸۶۹۵۱۳ و ۸۶۵ و ۴۶۴۷ و

۵ ۶ ۷ ۸
۴۳۹۷۸ ۱۴۸۷۹۴۳ و ۲۵۰ و ۶۸۵۳۹۵۸۲ و ۷۸۶۰۲۰۴۵

۹ ۱۰ ۱۱
و ۲۷۰۴۸۹۰۰۰ و ۷۰۵۵۵۹۱۲۳۴ و ۲۷۶ و

۱۲ ۱۳
۱۲۳۴۵۶۷۸۹ و ۵۰۰۰ کا جملہ کرو

۱ ۲ ۳
سوال ہشتم ۸۸۸۹۲۹۹۴۴ و ۷۳۶۰۰ و ۲۷۹۷۸۴۶۲ و

۴ ۵ ۶ ۷
۳۳۳ و ۵۸۷۵۳۹۶۰۰۶ و ۴۸۲۷۵۳۲ و ۴۸۶۶۸۴۸۳۶

۸ ۹ ۱۰
و ۸۰۰۳۲۱۴۸۳۷۹ و ۱۲۳۴۵ و ۱۱۱۲۸۵۸۶۷۳ و

۱۱
۵۳۸۰۰۰۰۰۸۳۵ کا جملہ کرو

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶
سوال نہم ۸۹۴۵ و ۶۸۷۴ و ۵۶۸۴ و ۳۲۸ و ۸۹۷ و ۴۵۸۹

۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳
و ۷۸۹۸ و ۶۷۸۹ و ۸۷۸۹ و ۵۶۸ و ۹۹۹ و ۸۸۹ و ۷۸۹ کا

جملہ کرو

۱ ۲ ۳ ۴ ۵
سوال دہم ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و

۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱
۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۵۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و ۷۸۹۹ و

۱۲
۷۸۹۹ کا جملہ کرو

سوال ۱۱- ایک ہزار چار سو تراسی اور سات سو چھیانوے اور

اُونتالیس اور چالیس ہزار سات سو چوالیس اور پانچ ہزار آٹھ سو ساٹھ اور پچاس ہزار سات کا جملہ کرو

سوال ۱۲ پندرہ ہزار سات سو چھیانوے اور چار سو نو اور دو لاکھ تیس ہزار پچاس اور چالیس لاکھ تین ہزار چھہتر اور دس ہزار نو سو ایک کا جملہ کرو

سوال ۱۳ پانچ لاکھ ستانوے ہزار چھہ سو پچاسی اور اونچاس ہزار تین سو سات اور چار لاکھ نو ہزار ساٹھ اور چودہ ہزار اونیس اور سات لاکھ چھہتر اور بیسٹھ ہزار نو کا جملہ کرو

سوال ۱۴ سات لاکھ سات ہزار چار سو ترسٹھ اور اٹھانوے ہزار چہتر اور چھہ ہزار آٹھ سو سات اور پانچ لاکھ تین سو نو اور سات ہزار نو سو اٹھتر اور نو لاکھ نو ہزار نو سو ننانوے کا جملہ کرو

سوال ۱۵ دو کرور چھبیس لاکھ پانسو تین اور چھبیس کرور تیس لاکھ چھہتر ہزار چھتیس اور گیارہ کرور سولہ لاکھ پچاس ہزار پچاس اور تیس کرور ساٹھ لاکھ سات ہزار نو سو اکیانوے اور ایک ارب اکہتر کرور ایک ہزار سات سو دس اور دس کھرب تین لاکھ اور پانچ کا جملہ کرو

سوال ۱۶ پانچ کرور ستاون لاکھ پانچ اور ستر کرور نو لاکھ آٹھ ہزار دوسو پانچ اور سات کرور ساٹھ لاکھ چودہ ہزار اونسٹھ اور ستاسی کرور اونا سی لاکھ دو ہزار سینتالیس اور اٹھہتر لاکھ چار ہزار پانسو بارہ اور ستاون کرور اٹھاون لاکھ ایک ہزار اکیانوے کا جملہ کرو

سوال ۱۷ اتیس کرور چورانوے لاکھ سترہ ہزار ستاسی اور چھہ لاکھ چھہتر ہزار اونچاس اور سات ارب نو کرور اٹھہتر لاکھ چودہ ہزار تین سو پانچ اور سات کرور پچانوے لاکھ چار ہزار اونچاس اور چھہ ارب سات کرور چوراسی لاکھ اونتالیس ہزار چھہ سو سینتالیس اور سات ارب آٹھ لاکھ چھہتر ہزار چار سو اونتیس کا جملہ کرو

سوال ۱۸ ایک مسافر اول روز دس میل چلا روز دوم گیارہ روز سوم بارہ اسی طور سے دس روز تک ایک ایک میل زیادہ چلا یعنے دسوین روز اونیس میل چلا اور گیارھوین روز اٹھارہ میل اور بارھوین روز سترہ میل یعنے پھر اپنی رفتار ایک ایک میل کم کرتا گیا یعنے بیسوین روز نو میل چلا تو بتاؤ کہ وہ مسافر بیس روز کے عرصہ مین کتنے میل چلا

سوال ۱۹ کلکتہ سے رانی گنج ۱۲۱ میل کے فاصلہ پر ہی اور رانی گنج سے داناپور ۲۲۲ میل اور داناپور سے مغل سرائے ۱۲۶ میل اور مغل سرائے سے مرزاپور ۴۰ میل اور مرزاپور سے الہ آباد ۵۵ میل اور الہ آباد سے کانپور ۱۲۰ میل اور کانپور سے دہلی ۲۷۰ میل تو بتلاؤ کہ کلکتہ سے دہلی کس قدر فاصلہ پر ہی

سوال ۲۰ جو ایک سال مین بارہ مہینے ہوتے ہین تو بارہ مہینے انگریزی کے دِنون کا جملہ بیان کرو

نام مہینون کا معہ تعداد دن کے

جون	مئی	اپریل	مارچ	فروری	جنوری
۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۲۸	۳۱
دسمبر	نومبر	اکتوبر	ستمبر	اگست	جولائی
۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱

اور بلحاظ اِسکے کہ بہ آسانی یاد رہے کہ کس مہینے انگریزی مین کتنے دن ہوتے ہین یہ رباعی درج کی جاتی ہی رباعی

بود سی یوم در ماہِ ستمبر دگر اپریل و جون و ہم نومبر

بماہ فروری دو کم ازان و ان   بباقی مہ سی و یک یوم بشمر

سوال ۲۱ - ۱۵ اپریل سے ۲۴ نومبر تک کتنے روز ہوئے

سوال ۲۲ - ایک شخص ۱۳ مئی سنہ ۱۸۳۹ عیسوی سے ۳۱ دسمبر سنہ ۱۸۴۱ عیسوی تک نوکر تھا تو بتلاؤ کہ اوسنے کتنے دن نوکری کی

سوال ۲۳ کسی امیر کے پاس ۱۳ ہاتھی اور ۵ شیر اور ۳۸ گھوڑے اور ۳۲ بیل اور ۴۵ گائیں اور انیس بھینس اور ۱۳۴ اونٹ تھے تو بتلاؤ کہ اوسکے پاس سب کتنے جانور تھے

سوال ۲۴ - ایک مہاجن کے پانچ آدمی قرضدار تھے اور ۱۳ مئی سنہ ۱۸۴۶ تک حسب تفصیل ذیل اوسکو روپیہ ملنے والا تھا شخص اول سے ۵۰۴۳ روپیہ اصل اور ۵۸۵۴ روپیہ سود شخص دوم سے ۲۰۰ روپیہ اصل اور ۵۸۱ روپیہ سود شخص سوم سے ۳۰۰۰ روپیہ اصل اور ۲۵۸۳ روپیہ سود شخص چہارم سے ۱۹۳۸۹ روپیہ اصل اور ۷۸۶۵ روپیہ سود اور شخص پنجم سے ۵۵۰۰ روپیہ اصل اور ۳۸۲ روپیہ سود تو بتلاؤ کہ تاریخ مذکور تک مہاجن مسطور کا کس قدر روپیہ یافتنی تھا

سوال ۲۵- ایک باغچہ مین ۵۴۰۴ آم کے درخت تھے اور ۱۵ اجامن کے اور ۲۳۲ نیبو کے ۳۲۵ ناسپاتی کے ۸۸ شہتوت کے ۱۲ آلو کے ۲۰ انجیر کے اور ۱۸ کٹھل کے تو بتلاؤ کہ اوس باغچہ مین جملہ کتنے درخت تھے

سوال ۲۶- ایک شہر مین ۸۶۱۳ برہمن اور ۹۹۶۸۵ کایستھ اور ۳۲۰۳ اگروالہ اور ۲۶۸۵ کھتری اور ۹۶۷ چھتری اور ۱۳۰۸۲ کمہار اور ۵۴۵۸ اہیر اور ۳۸۲۵ حجام اور ۵۴۵ ٹھٹیری اور ۳۲۵ سنار اور ۶۸۶ مزدور اور ۷۸۵ لوہار اور ۲۳۴۲۵ مسلمین اور ۲۰۸۹۵ متفرقات آدمی ہین تو بتلاؤ کہ جملہ باشندے اوس شہر کے کسقدر ہین

تفریق

ایک قسم کے دو عددین سے چھوٹے عدد کو بڑے عدد مین سے نکال کر باقی یا تفاوت دریافت کرنے کو تفریق کہتے ہین اور اسکا نام واصل باقی بھی ہے

قاعدہ

چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے تلے مثل قاعدہ جمع کے لکھو لیکن
اس ترتیب سے کہ یکائی کے تلے یکائی ہو اور دہائی کے تلے
دہائی اور علیٰ ہذا القیاس اور بعد ازان چھوٹے عدد کے تلے ایک
خط مستقیم کھینچو پھر یکائی سے شروع کرو اسطرح پر کہ اگر تلے کی
یکائی اوپر کی یکائی سے کم ہو تو تلے کا ہندسہ اوپر کے ہندسہ
مین سے نکال لو اور باقی کو یکائی کے تلے اوس خط مستقیم
کے نیچے لکھو اور اگر تلے کی یکائی اوپر کی یکائی کے برابر ہو تب
بھی تلے کی یکائی اوپر کی یکائی مین سے نکال کر باقی کو کہ صفر ہوگا
ایکائی کے تلے لکھو اور اگر تلے کی ایکائی اوپر کی ایکائی سے زیادہ
ہو تو اس صورت مین تلے کی ایکائی اوپر کی یکائی مین سے کم نہو یگی
اور چاہیے کہ اوپر کی یکائی مین دس زیادہ کر کے تب اوس مین
تلے کی یکائی کم کرو اور باقی کو یکائی کے نیچے لکھو اور اگر اوپر کی
یکائی مین دس زیادہ کیا ہو تو جو دوسرا حرف دہائی کا نیچے کے
عدد مین ہو اوس مین ایک زیادہ کر کے اوپر کی دہائی مین سے کم کرو اور
اگر نیچے کے عدد مین بجائے دہائی کے صفر ہو تو ایک اوپر کے

دہائی مین سے کم کرو اور باقی کو دہائی کے نیچے لکھو اور جس طرح نسبت اکائی کے عمل کیا تھا اوسیطرح نسبت دہائی اور باقی ماندہ ہندسون کے عمل کرو جبتک بائین طرف آخر ہندسہ تک نہ پہونچو اور جو عدد زیر خط لکھے گئے ہین یہی باقی یا فرق دونون عدد کا ہی

مثال

مثلاً ۵۴۸۶۴۲۷ مین سے ۲۱۶۴۳۱۵ کم کرنا منظور ہی تو ان دونون عددون کو حسب قاعدہ میزان اکائی کے نیچے اکائی اور دہائی کے نیچے دہائی اس ترتیب سے لکھا

۵ ۴ ۸ ۶ ۴ ۲ ۷
۲ ۱ ۶ ۴ ۳ ۱ ۵
―――――――――
۳ ۲ ۲ ۲ ۱ ۱ ۲

بعد ازان چھوٹے عدد کے تلے ایک خط مستقیم کھینچ دیا تب اکائی یعنی ۵ سے شروع کیا اسطرح پر کہ ۷ سے پانچ نکل گئے باقی ۲ بچے اور ۲ مین سے ایک خارج کیا باقی بچا ایک پہر ۴ مین سے ۳ کو گھٹایا باقی ایک بچا اسیطرح سے سب تلے کے ہندسون کو اوپر کے ہندسون مین سے کم کیا تو باقی ۳۲۲۲۱۱۲ ہوئے

یہی دونون عدد کا تفاوت ہے

مثال دوسری

۵۶۰۸۴۲ مین سے ۳۴۰۴۴۲ گھٹاؤ اِسکو حسب ترتیب ذیل لکھا

۵۶۰۸۴۲
۳۴۰۴۴۲
۲۲۰۴۰۰

اِس مثال مین نیچے کے عدد کی اکائی اوپر کے عدد کی یکائی کے برابر ہے تو ۲ مین سے دو گئے باقی کچھ نہ بچا تو صفر لکھا اسی طرح سے چار مین سے چار گئے باقی صفر اور ۸ مین سے چار گئے باقی چار اور صفر مین سے صفر خارج کیا تب بھی صفر ہی بچا اسی طرح باقی ماندہ ہندسون کو بھی کم کیا تو کُل باقی ۲۲۰۴۰۰ ہوئے

مثال تیسری

۴۲۷۱۲ مین سے ۸۶۴۵ کم کرو اِسکو حسب ترتیب ذیل لکھا

۴۲۷۱۲
۸۶۴۵
۳۴۰۶۷

اس مثال مین تلے کی یکائی یعنے ۵ اوپر کی یکائی یعنے ۲ سے زیادہ ہی
تو پانچ دو مین سے نہین نکل سکتا تو اوپر کی یکائی یعنے ۲ مین ۱۰ اور
زیادہ کئے بارہ ہوئے بارہ مین سے ۵ خارج کیے تو باقی ۷ بچے
۷ کو یکائی کے تلے لکھا اور چونکہ ۲ مین دس زیادہ کئے تھے تو تلے
کی دہائی مین کہ ۴ ہی ایک زیادہ کیا ۵ ہوئے ۵ ایک یعنے اوپر
کی دہائی مین سے نہین نکل سکتا تو ایک مین ۱۰ زیادہ کئے ۱۱ ہوئے
۱۱ مین سے ۵ کو نکالا باقی ۶ بچے ۶ کو دہائی کے تلے لکھا پھر جو ۱
مین دس زیادہ کئے تھے اسواسطے ۶ مین پھر ایک جوڑا ۷ ہوئے
۷ کو ۷ مین سے خارج کیا باقی صفر بچا پھر دو مین سے ۸ نہین نکل
سکتا تو ۲ مین دس زیادہ کئے ۱۲ ہوئے ۱۲ مین سے ۸ گھٹائے
چار باقی بچے اور جو کہ ۲ مین دس زیادہ کئے تھے تو ایک نیچے
کے دوسرے حرف مین زیادہ کرنا چاہیے لیکن نیچے کوئی دوسرا
حرف باقی نہین ہی تو ایک ہی کو ۴ مین سے نکال لیا باقی تین
بچے پس جملہ باقی ۷ ۶ ۰ ۴ ۳ ہوئے

دلیل

جس صورت مین ۱۰ اوپر کے ہندسے مین زیادہ کئے جاتے ہین تو دوسرا ہندسہ جو بائین طرف ہوتا ہی اُس مین ایک زیادہ کیا جاتا ہی اسکی وجہ یہہ ہی کہ بائین طرف کا ہندسہ داہنی طرف کے ہندسہ مقابل سے دس گنا زیادہ ہوتا ہی یعنے جو کسی ہندسہ مین ۱۰ زیادہ کئے جائین تو بائین طرف کے ہندسہ کا وہ ۱۰ مثل ایک کے ہی مثلاً

۷۱۲ مین سے ۶۴۵ کم کرنا منظور ہی

۷۱۲
۶۴۵
―――
۶۷

اس صورت مین ۵ دو مین سے خارج نہین ہو سکتا تو ۲ کے بائین طرف جو ایک مثل ۱۰ کے ہی اسکو دو مین زیادہ کیا تو بارہ ہوئے اس ۱۲ مین سے ۵ خارج کئے باقی ۷ بچے اور چونکہ ۲ مین ۱۰ زیادہ کئے تھے اور نسبت بائین طرف کے ہندسہ کے وہ ۱۰ مثل ایک کے تھا اسواسطے ۴ مین صرف ایک ہی زیادہ کرنا چاہیے یا اگر تلے کے ہندسہ یعنے ۴ مین ایک زیادہ نہ کیا جائے تو یہ سمجھنا چاہیے کہ اوپر کا حرف جو ایک ہی وہ ہندسہ نسبت داہنی ہندسہ یعنے ۲

کے بجاے ۱۰ کے ہی اور جب یہ ۱۰ ہندسہ ۲ مین زیادہ کیا گیا تو ۱۲
ہوئے اور اوپر کے عدد مین بجاے ایک کے صرف صفر باقی رہگیا
اور صفر مین سے ۴ مستخرج نہین ہو سکتا تو ۷ مین سے ایک نکال کر صفر
کے بائین طرف لکھا تو ۱۰ ہوئے اِس دس مین سے ۴ کم کیے باقی ۶
بچے اور چونکہ ۷ مین سے ایک کم ہو گیا تھا تو صرف ۶ بجاے ۷ کے باقی
تھے اور تلے کے عدد مین بھی ۶ ہی تو ۶ مین سے ۶ کم کئے باقی کچھ
نہ بچا اس سے ظاہر ہوا کہ جب اوپر کے ہندسہ مین سے کوئی ہندسہ
تلے کا کم ہوتا ہی تو اوپر کے ہندسہ کے بائین طرف جو ہندسہ ہوتا ہی اوس
مین سے ایک کم کرکے اوس ایک کو کہ داہنی طرف کے ہندسہ سے دہ چند
ہوتا ہی اوس چھوٹے ہندسے داہنی طرف والے مین زیادہ کر دیتے ہین
اور اوپر کے عدد مین بائین طرف والا ہندسہ بمقدار اوسی ایک
کے جو بمنزلہ ۱۰ داہنی طرف کے ہندسہ مین زیادہ کیا گیا تھا کم ہو جاتا ہی
اور اگر یہ سوال کیا جائے کہ تلے کے ہندسہ مین درصورتیکہ اوپر کے
ہندسہ مین ۱۰ زیادہ کیا گیا ہو ایک کیون زیادہ کرتے ہین تو جواب
اوسکا یہ ہی کہ اوپر کے ہندسہ مین ایک کم سمجھنا یا تلے کے ہندسہ مین

ایک زیادہ کرنا دونون کا نتیجہ ایک ہی ہوتا ہی اسواسطے قاعدہ مذکورۂ بالا

کا بیان دوسری طرح پر ذیل مین درج ہی

دوسرا بیان قاعدہ مسبوق الذکر کا

تفریق کرنے مین جب اوپر کے کسی ہندسہ سے تلے کا ہندسہ زیادہ ہو تو اوس اوپر کے ہندسہ کے بائین طرف کے ہندسہ مین سے ایک کہ بجاے ۱۰ کے ہی کم کردو اور اس دس کو اوس چھوٹے ہندسہ مین زیادہ کر کے باقی نکالو بعد ازان اوپر کے ہندسہ کو بمقدار ایک کے کم سمجھو اور اسیطرح نسبت بقیہ ہندسون کے بھی عمل کرو

مثال

۹۰۰۵ مین سے ۸۹۸۹ کم کرو

۹۰۰۵
۸۹۸۹
۱۶

اس مثال مین ۹ یکائی کا ہندسہ تلے کے عدد مین اوپر کے ہندسہ ۵ مین سے خارج نہین ہوسکتا اور ۵ کے بائین طرف صفر ہی اور اس صفر کے بائین طرف دوسرا صفر ہی اور دوسرے

صفر کے بائین طرف ۹ بمنزلہ ۹۰۰ ہی اِس ۹ مین سے ایک
کم کردیا تو بجاے ۹ کے ۸ باقی بچا اور جو ایک کم کیا اِس ایک پر
دونون صفر ملانے سے ۱۰۰ ہوا اِس ۱۰۰ مین سے ایک کہ بمنزلہ
۱۰ کے ہی کم کیا تو ۹۹ باقی بچے اور اُوس ۸ کو بھی جو بائین طرف
زیادہ کیا تو ۸۹۹ ہوے اور جو ایک بمنزلہ ۱۰ کے ۱۰۰ مین سے
کم کیا تھا اِس ۱۰ کو ۵ مین زیادہ کیا تو ۱۵ ہوئے ۱۵ مین سے ۹ خارج
کیا باقی ۶ بچے اب ۸۹۹ مین سے ۸۹۸ کم کرنا ہی یعنے ۹ مین سے
۸ کم کرنا ہی تو ۹ مین سے ۸ نکل گئے باقی ایک بچا اِس ایک کو ۶
کے بائین طرف لکھا باقی ماندہ دو نو حرف تلے اور اوپر کے برابر ہین
یعنے ۹۸ تلے بھی ہی اور ۹۸ اوپر بھی ہی تو ۹۸ مین سے ۹۸ خارج
ہوئے باقی کچھ نہ بچا پس معلوم ہوا کہ اگر ۹۰۰۵ مین سے ۸۹۸۹
کم کردئے جائین تو باقی ۱۶ بچتا ہی فقط

قاعدہ تفریق بموجب قاعدہ جمع کے

اگر کسیقدر روپیہ مین سے کچھ روپیہ خرچ ہو جائے تو جس قدر روپیہ
باقی بچے گا اس باقی اور خرچ کا جملہ برابر جمع یعنے کُل روپیہ کے

ہو گا مثلاً آٹھ روپیہ مین سے پانچ روپیہ خرچ ہوئے تو باقی تین روپیہ بچے اور اِس تین روپیہ کو جو پانچ روپیہ خرچ مین جوڑدین تو کُل آٹھ روپیہ ہوئے اسیطرح سے جب کسی عدد مین سے دوسرا چھوٹا عدد گھٹانا منظور ہو تو یہ دریافت کرو کہ اُس چھوٹے عدد مین کسقدر جوڑدین تو برابر بڑے عدد کے ہو جائے مثلاً ۹ مین سے ۴ گھٹانا منظور ہی تو ۴ مین کسقدر جوڑدین تو ۹ ہو معلوم ہوا کہ اگر ۵ کو ۴ مین جوڑدین تو ۹ ہو پس وہی پانچ باقی ہی

مثال

۴۸۰۰۷ مین سے ۶۹۹۷۹ کم کرو

۷	۰	۰	۸	۴
۶	۹	۹	۷	۹
		۱	۰	۵

اِس مثال مین ۴ مین سے ۹ نہین نکل سکتا تو ۴ مین ۱۰ اور زیادہ کیے تو ۱۴ ہوئے اب دیکھنا چاہیے کہ ۹ مین کسقدر زیادہ کرین تو ۱۴ ہو معلوم ہوا کہ ۹ مین ۵ اور جوڑین تو ۱۴ ہو پس ۵ کو ۹ کے تلے لکھا اور ۵ اور ۹ چودہ ہوئے تو ہاتھ لگا ایک اور ایک اور سات

آٹھ تو باقی کچھ نہ بچا اسواسطے پانچ کے داہنی طرف صفر لکھا بعد
ازان تیسرا ہندسہ جو کم کرنا چاہیے سو ۹ ہی اور ۹ صفر مین سے
کم نہین ہو سکتا اسواسطے صفر مین ۱۰ اور جوڑا تو ۱۰ ہوئے
اب ایک اور ۹ دس ہوتا ہی تو ایک کو بجاے باقی کے لکھا
اور ہاتھہ لگا ایک اور ایک اور ۹ دس ہوئے تو باقی کچھہ نہ بچا پھر
ہاتھہ لگا ایک اور ایک اور ۶ سات باقی ندارد پس باقی ۱۰۵
ہوئے فقط

دوسرا قاعدہ تفریق کا

تفریق کا حساب لگانے مین دو عدد ہوتے ہین ایک بڑا عدد
جسکو جمع یا منقوص منہ کہتے ہین اور دوسرا چھوٹا عدد جسکو خرج
یا منقوص کہتے ہین ۔

قاعدہ

عدد جمع یا منقوص منہ مین جتنے ہندسہ ہون اوسیقدر ہندسہ نو ۹
نو کے عدد جمع کے اوپر لکھو اور عدد جمع کو اوس نو نو مین سے
گھٹاؤ جو باقی بچے اوسکو خرچ یعنے منقوص مین جوڑو جو حاصل

جمع ہو اوسکو پھر نو نو مین سے گھٹاؤ جو باقی بچے وہی حاصل تفریق ہوگا

مثال

۶ ۵ ۷ ۳ ۴ ۵ ۶ مین سے ۵ ۴ ۸ ۲ ۱ ۴ کم کرو

عدد جمع یعنے منقوص منہ مین سات ہندسے ہین تو سات ہی ہندسے نو نو کے لکھے اور اوس کے تلے عدد جمع کو لکھکر باقی نکالی اسطرح سے

۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
۶	۵	۴	۳	۷	۵	۶
۳	۴	۵	۶	۲	۴	۳

اس باقی یعنے ۳ ۴ ۲ ۶ ۵ ۴ ۳ کو ۵ ۴ ۸ ۲ ۱ ۴ مین جوڑ دیا

۳	۴	۵	۶	۲	۴	۳
	۴	۱	۲	۸	۴	۵
۳	۸	۶	۹	۰	۸	۸

تو ۸ ۸ ۰ ۹ ۶ ۸ ۳ جملہ ہوا اس جملہ کو پھر نو نو مین سے خارج کیا

۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
۳	۸	۶	۹	۰	۸	۸
۶	۱	۳	۰	۹	۱	۱

پس معلوم ہوا کہ اگر ۶ ۵ ۷ ۳ ۴ ۵ ۶ مین سے ۵ ۴ ۸ ۲ ۱ ۴ گھٹاوین تو باقی ۱۱ ۹ ۰ ۳ ۱ ۶ ہوتی ہے

مثال دوسری

۷۸۶۳۲۲۷ مین سے ۸۲۶۹۵۷ کم کرو

	۹۹۹۹۹۹۹
عدد جمع	۷۸۶۳۲۲۷
باقی	۲۱۳۶۷۷۲
منقوص	۸۲۶۹۵۷
جملہ	۲۹۶۳۷۲۹

اسکو پھر نو نو مین سے خارج کیا تو باقی ۷۰۳۶۲۷۰ ہوئے

مثال تیسری

۳۰۳۲۳۳۳۳۴ مین سے ۱۹۲۰۰۱۲۲۲ کم کرو

	۹۹۹۹۹۹۹۹۹
عدد جمع	۳۰۳۲۳۳۳۳۴
باقی	۶۹۶۷۶۶۶۶۵
منقوص	۱۹۲۰۰۱۲۲۲
جملہ	۸۸۸۷۶۷۸۸۷
باقی مطلوب	۱۱۱۲۳۲۱۱۲

قاعدہ امتحان تفریق یعنے طریقہ جانچ کا کہ باقی صحیح ہی یا نہیں

عدد اصغر کو یعنے جو عدد باقی سے اوپر کی طرف نزدیک ہو اوسکو باقی مین جوڑ دو اگر جملہ ان دونون عددکا عدد اکبر سے مطابق ہو تو جاننا چاہیے کہ باقی صحیح ہی ورنہ غلط

مثال

۴۲۵۸۷۹۲ مین سے ۵۳۸۶۴۲۷ کم کرو

حسب قاعدہ تفریق مسبوق الذکر باقی نکالی اسطرح پر

عدد اکبر	۵۳۸۶۴۲۷
عدد اصغر	۴۲۵۸۷۹۲
باقی	۱۱۲۷۶۳۵
جملہ عدد اصغر اور باقی کا	۵۳۸۶۴۲۷

اس مثال مین جملہ باقی اور عدد اصغر کا عدد اکبر سے مطابق ہی تو معلوم ہوا کہ ۱۱۲۷۶۳۵ باقی صحیح ہی

دوسرا طریقہ تفریق کی جانچ کا

عدد اکبر مین سے نو نو خارج کرکے باقی کو دو خط متقاطع کھینچکر بائیں


طرف لکھو اور عدد اصغر مین سے بھی نو نو خارج کرکے باقی کو داہنی طرف لکھو پھر جو داہنی طرف عدد ہی اوسکو بائین طرف کے عدد مین سے گھٹا کر باقی کو اوپر لکھو اور اگر داہنی طرف کا عدد بائین طرف کے عدد مین سے نہ نکل سکے یعنے داہنی طرف کا عدد بائین طرف کے عدد سے چھوٹا ہو تو بائین طرف کے عدد مین نو اور جوڑ کر تب داہنی طرف کا عدد اوسمین سے خارج کرکے باقی کو اوپر لکھو اور باقی تفریق مین سے بھی نو نو خارج کرکے باقی کو نیچے لکھو اگر دونون عدد اوپر اور نیچے کے برابر ہون تو جاننا چاہیے کہ باقی تفریق جسکی جانچ کی گئی صحیح ہے

مثال

۱۲۳۴۵۶۷ مین سے ۷۰۲۹۷۳ کم کرو

حسب قاعدہ مسبوق الذکر باقی نکالی اسطرح

۱۲۳۴۵۶۷	عدد اکبر
۷۰۲۹۷۳	عدد اصغر
۵۳۱۵۹۴	باقی



طریقہ جانچ ازروی اخراج نو ۹ کے

عدد اکبر یعنے ۱۲۳۴۵۶۷ مین سے نو نو خارج کئے تو ایک
باقی بچا اس ایک کو دو خط متقاطع کھینچ کر بائین طرف لکھا بعد ازان
عدد اصغر یعنے ۷۰۲۹۷۳ مین سے نو نو خارج کرکے باقی کو کہ اس
صورت مین بھی ایک ہی داہنی طرف لکھا پھر داہنی طرف کے ایک
کو بائین طرف کے ایک مین سے خارج کیا تو باقی صفر بچا اور باقی
یعنے ۵۳۱۵۹۴ مین سے بھی نو نو خارج کئے تو باقی صفر بچا
پس چونکہ تلے اور اوپر کے دونون عدد برابر ہین یعنے دونون
جگہ صفر ہی تو جاننا چاہیے کہ باقی یعنے ۵۳۱۵۹۴ صحیح ہی

دوسری مثال

۵۳۳۱۸۰۶ مین سے ۵۰۷۳۹۱۹ کم کرو

طریقہ جانچ از روی اخراج نو کے

۵۳۳۱۸۰۶
۵۰۷۳۹۱۹
――――――
۲۵۷۸۸۸



تیسری مثال

۷۰۲۰۹۷۴ سے ۲۷۶۶۸۰۹ کم کرو



```
 ۷۰۲۰۹۷۴
 ۲۷۶۶۸۰۹
 -------
 ۴۲۵۴۱۶۵
```

سوالات تفریق

سوال اول ۶۶۴ مین سے ۵۸۰ کم کرو

سوال دوم ۹۷۶ اور ۵۳۱ مین تفاوت کیا ہے

سوال سوم ۷۰۴ اور ۴۸۳ مین کسقدر فرق ہے

سوال چہارم ۸۰۶ سے ۷۲۰ گھٹاؤ

سوال پنجم ۴۲۳۶ مین سے ۳۰۸۹ کم کرو

سوال ششم ۸۰۵۰۲ مین سے ۳۸۶۷۲ کم کرو

سوال ہفتم ۴۶۰۹۵ اور ۲۸۷۳۹ مین کسقدر تفاوت ہے

سوال ہشتم ۱۲۳۴۵۶ سے ۵۵۵۵۵۵ کس قدر زیادہ ہے

سوال نہم ۱۰۰۰۰۰۰ اور ۱۰۰۱۰۱ مین کیا فرق ہے

سوال دہم ۱۱۶۲۷۵۳۰۰۴ روپیہ مین سے ۹۹۹۰۰۰۷۷ روپیہ صرف ہوئے تو بتلاؤ کہ کسقدر روپیہ باقی بچے

سوال ۱۱ آٹھ کرور چرانوے لاکھ سینتیس ہزار ایک سو بیاسی اور ایک کرور ستاون لاکھ نوے ہزار دو سو ترانوے مین کیا تفاوت ہی

سوال ۱۲ سولہ کرور تینتالیس لاکھ چھبیس ہزار دو سو نواسی چار کرور چوراسی لاکھ چھتہزار سات سو اٹھانوے سے کسقدر زیادہ ہی

سوال ۱۳ سات ارب سات کرور ستر لاکھ ستر ہزار ستر مین کسقدر زیادہ کرین تو دس ارب ہو

سوال ۱۴ چھتر کھرب اونسٹھ ارب تین کرور چھ لاکھ چالیس ہزار اکیس اور اوناسی کھرب نوے ارب چار کرور پانچ ہزار چھ سو اوناسی مین کسقدر فرق ہی

سوال ۱۵ دس ہزار چھیانوے مین سے دو ہزار نو گھٹاؤ

سوال ۱۶ سات ہزار نو سو چالیس مین سے تین ہزار اور آٹھ
کم کرو

سوال ۱۷ ہزار اور چالیس لاکھ مین کیا فرق ہی

سوال ۱۸ دس کرور اور تیس لاکھ مین کیا تفاوت ہی

سوال ۱۹ ایک کرور اکیاون لاکھ اور تین مین سے پانچ لاکھ
چوراسی ہزار اور چھہتر کم کرو

سوال ۲۰ چالیس ارب باون کرور ستاسی لاکھ چھہ ہزار سات سو
نو مین کسقدر زیادہ کرین تو ترپن ارب اٹھارہ ہزار ستانوے ہو

سوال ۲۱ سر ایزک نیوٹن کہ انگریزون کے درمیان مین بڑا نامی
حکیم تھا ۱۶۴۲ع مین پیدا ہوا تھا اور ۱۷۲۷ع مین مرا تو بتلاؤ کہ وقت
وفات اوسکی کیا عمر تھی

سوال ۲۲ ہومر یونانیون کے درمیان مین بڑا مشہور شاعر
تھا اور اوسکی پیدائش سے ۱۸۴۲ع تک دو ہزار چھہ سو سات
برس گذری تھے تو بتلاؤ کہ ہومر پیدائش عیسی سے کتنے برس
بیشتر پیدا ہوا تھا اور سنہ عیسوی عیسی کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہی

سوال ۲۳ از روے تواریخ معلوم ہوتا ہی کہ ۱۶۵۶ برس بعد پیدایش دنیا کے طوفان نوح کا آیا تھا اور عیسی کی پیدایش چار ہزار برس بعد پیدایش دنیا کے ہوئی تو طوفان نوح کا کتنے برس قبل پیدایش عیسی کے واقع ہوا تھا

سوال ۲۴ طریقہ ہندسہ کے لکھنے کا انگلنڈ یعنے ولایت انگلستان مین ۱۱۵۰ع مین جاری ہوا تھا و ۱۸۴۰ع تک کتنے برس گذرے تھے

سوال ۲۵ بارود کی ایجاد ۱۳۳۰ع مین ہوئی اور چھاپہ خانہ کی ابتدا ۱۴۴۱ع مین ہوئی تو بتلاؤ کہ اجراے چھاپہ خانہ سے کتنے روز پیشتر بارود بنانے کی ایجاد ہوئی

سوال ۲۶ ۱۳۰۲ع مین قطب نما کی ایجاد فرنگ مین ہوئی تھی اور امریکہ کا حال بذریعہ کلمبس ۱۴۹۲ع مین دریافت ہوا تو بعد ایجاد قطب نما کے کتنے برس بعد امریکہ کے وجود کا حال معلوم ہوا

سوال ۲۷ الہ آباد سے بمبئی ۸۶۵ میل ہی اور جبل پور ۲۲۹ میل تو بتلاؤ کہ جبل پور سے بمبئی کسقدر فاصلہ پر ہی

سوال ۲۸ ایک قلعہ مین ۱۹۲۲۵ آدمی ہین منجملہ اونکے ۳۵۴۸ سوار ہین اور ۲۵۴۵ گولہ انداز اور باقی ماندہ پیادہ تو بتلاؤ کہ پیادہ کتنے ہین

سوال ۲۹ ایک گانو کا رقبہ ۴۰۶۴ ایکر کا ہی منجملہ اوسکے ۵۳۶ ایکر مزروعہ ہی اور ۳۳۱ ایکر مین باغ اور ۴۷ ایکر مین تالاب وغیرہ اور باقی ماندہ پڑی ہی تو بتلاؤ کہ زمین افتادہ کسقدر ہی

سوال ۳۰ ۳۸۴۰۰ روپیہ تین شخصون مین تقسیم کیا گیا اسطرح کہ اول شخص کو ۱۶۲۰۰ اور دوم کو ۱۱۸۰۰ ملا تو بتلاؤ کہ شخص سوم کو کسقدر ملا فقط

ضرب

جب ایک ہی عدد حساب مین کئی مرتبہ آوے تو اوسکا جوڑنا بطریق قاعدہ مختصر کے ضرب کہلاتا ہی مثلاً ۳ + ۳ + ۳ + ۳ کو جوڑنا منظور ہی تو اس مقام پر ۳ چار مرتبہ آیا ہی پس ۳ کو چار مین ضرب دینے سے یعنے ۳ کو چوگنا کرنے سے ۱۲ ہوتا ہی یعنے چار تین کو یکجا کرنا یا تین کو چار سے ضرب دینا دونون مساوی ہی اور دونون صورت مین ۱۲ ہوتا ہی

جو عدد متواتر آتا ہی یعنے جس عدد کو اوسی عدد مین کئی بار جوڑنا منظور رہو اوسکو مضروب کہتے ہین اور جتنے مرتبہ وہ عدد آوے یا جتنے مرتبہ اوس عدد کو اوسی مین جوڑنا منظور ہو یا جس عدد سے اوس عدد کو ضرب دینا منظور رہو اوسکو مضروب فیہ کہتے ہین اور جو عدد مضروب اور مضروب فیہ کے باہم ضرب دینے سے پیدا ہوتا ہی اوسکو حاصل ضرب کہتے ہین مثلاً مثال مذکورۂ بالا مین عدد ۳ متواتر آیا ہی تو ۳ کو مضروب کہتے ہین اور ۳ چار مرتبہ آیا ہی تو چار مضروب فیہ ہی اور ۳ کو چار مین ضرب دینے سے بارہ ہوتا ہی تو ۱۲ حاصل ضرب ہی

قبل سیکھنے قاعدہ ضرب کے پہاڑا جاننا ضرور ہی لہذا ذیل مین پہاڑا لکھا جاتا ہی اگر ایک کو کسی عدد سے ضرب دین تو وہی عدد حاصل ضرب ہوگا مثلاً اگر ایک کو دو مین ضرب دین تو ۲ ہوگا اور ۵ مین ضرب دین تو ۵ ہوگا اور ۸ مین ضرب دین تو ۸ حاصل ضرب ہوگا اسواسطے ایک کا پہاڑا جدول مندرجہ ذیل مین درج نہین کیا گیا

پہاڑا

مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب	مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب
۲	ایکن	۲	۳	ایکن	۳
۲	دونا	۴	۳	دونا	۶
۲	تیان	۶	۳	تیان	۹
۲	چوک	۸	۳	چوک	۱۲
۲	پنجے	۱۰	۳	پنجے	۱۵
۲	چھکّے	۱۲	۳	چھکّے	۱۸
۲	ستّے	۱۴	۳	ستّے	۲۱
۲	اٹھے	۱۶	۳	اٹھے	۲۴
۲	نوان	۱۸	۳	نوان	۲۷
۲	داہئین	۲۰	۳	داہئین	۳۰

مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب	مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب
۴	ایکن	۴	۵	ایکن	۵
۴	دونا	۸	۵	دونا	۱۰
۴	تیان	۱۲	۵	تیان	۱۵
۴	چوک	۱۶	۵	چوک	۲۰
۴	پنجے	۲۰	۵	پنجے	۲۵
۴	چھکے	۲۴	۵	چھکے	۳۰
۴	ستّے	۲۸	۵	ستّے	۳۵
۴	لٹھے	۳۲	۵	اٹھے	۴۰
۴	نوان	۳۶	۵	نوان	۴۵
۴	دہائین	۴۰	۵	دہائین	۵۰

مضروب	مضروب فیه	حاصل ضرب	مضروب	مضروب فیه	حاصل ضرب
۶	۱	۶	۷	۱	۷
۶	۲	۱۲	۷	۲	۱۴
۶	۳	۱۸	۷	۳	۲۱
۶	۴	۲۴	۷	۴	۲۸
۶	۵	۳۰	۷	۵	۳۵
۶	۶	۳۶	۷	۶	۴۲
۶	۷	۴۲	۷	۷	۴۹
۶	۸	۴۸	۷	۸	۵۶
۶	۹	۵۴	۷	۹	۶۳
۶	۱۰	۶۰	۷	۱۰	۷۰

مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب	مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب
۸	۱	۸	۹	۱	۹
۸	۲	۱۶	۹	۲	۱۸
۸	۳	۲۴	۹	۳	۲۷
۸	۴	۳۲	۹	۴	۳۶
۸	۵	۴۰	۹	۵	۴۵
۸	۶	۴۸	۹	۶	۵۴
۸	۷	۵۶	۹	۷	۶۳
۸	۸	۶۴	۹	۸	۷۲
۸	۹	۷۲	۹	۹	۸۱
۸	۱۰	۸۰	۹	۱۰	۹۰

حاصل ضرب	مضروب فیه	مضروب	حاصل ضرب	مضروب فیه	مضروب
١١	١	١١	١٠	١	١٠
٢٢	٢	١١	٢٠	٢	١٠
٣٣	٣	١١	٣٠	٣	١٠
٤٤	٤	١١	٤٠	٤	١٠
٥٥	٥	١١	٥٠	٥	١٠
٦٦	٦	١١	٦٠	٦	١٠
٧٧	٧	١١	٧٠	٧	١٠
٨٨	٨	١١	٨٠	٨	١٠
٩٩	٩	١١	٩٠	٩	١٠
١١٠	١٠	١١	١٠٠	١٠	١٠

مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب	مضروب	مضروب فیہ	حاصل ضرب
۱۲	۱	۱۲			
۱۲	۲	۲۴			
۱۲	۳	۳۶			
۱۲	۴	۴۸			
۱۲	۵	۶۰			
۱۲	۶	۷۲			
۱۲	۷	۸۴			
۱۲	۸	۹۶			
۱۲	۹	۱۰۸			
۱۲	۱۰	۱۲۰			

دوسری جدول پہاڑے کی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰	۲۲	۲۴
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰	۳۳	۳۶
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰	۴۴	۴۸
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰	۵۵	۶۰
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰	۶۶	۷۲
۷	۱۴	۲۱	۲۸	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶	۶۳	۷۰	۷۷	۸۴
۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۷۲	۸۰	۸۸	۹۶
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰	۹۹	۱۰۸
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۱۱۰	۱۲۰
۱۱	۲۲	۳۳	۴۴	۵۵	۶۶	۷۷	۸۸	۹۹	۱۱۰	۱۲۱	۱۳۲
۱۲	۲۴	۳۶	۴۸	۶۰	۷۲	۸۴	۹۶	۱۰۸	۱۲۰	۱۳۲	۱۴۴

جدول مرقومہ بالا مین جو اعداد سب سے اوپر لکھے ہین یعنے ایک

سے بارہ تک اون اعداد کو مضروب سمجھو اور جو اعداد سب سے
داہنی طرف ایک سے بارہ تک ہین اونکو مضروب فیہ اور مضروب
اور مضروب فیہ کا حاصل ضرب مضروب اور مضروب فیہ کے مقابل
مین درج ہی مثلاً دو مضروب اور ۲ مضروب فیہ ہی تو ان دونون
کا حاصل ضرب دونون مضروب اور مضروب فیہ کے مقابل مین
۴ ہی اوسیطرح سے ۹ مضروب اور ۱۱ مضروب فیہ ہی ان دونون
کا حاصل ضرب انھین دونون عدد کے مقابل مین درج ہی اور جو
اعداد سب سے اوپر کی سطر مین مرقوم ہین اونکا پہاڑا اون ہر
یک عدد کے نیچے بارہ تک لکھا ہی

قاعدہ ضرب

جس صورت مین کہ مضروب فیہ مین ایک ہی ہندسہ ہو یا
اگر دو ہندسہ ہون تو بارہ سے زیادہ نہو یعنے مضروب فیہ
اوسقدر ہو جہان تک کا پہاڑا یاد ہو اوسکا قاعدہ ذیل مین مندرج ہی
اول مضروب لکھو اور اوسکے تلے اکائی کے متصل مضروب
فیہ کو لکھو اسطرح پر کہ اکائی کے تلے اکائی ہو اور دہائی کے

تلے دہائی اور مضروب فیہ کے تلے یک خط مستقیم کھینچ دو بعد ازان
مضروب کی یکائی سے مضروب فیہ مین ضرب دینا شروع کرو اسطرح
پر کہ پہلے مضروب کی یکائی کو مضروب فیہ مین ضرب دو اگر ان دونون
کا حاصل ضرب ۱۰ سے زیادہ ہو تو دریافت کرو کہ اوس حاصل
ضرب مین کسقدر دہائی ہین اور کسقدر یکائی اور یکائی کو تو جس ہندسہ
مضروب سے ضرب دیا تھا اوس ہندسہ کے تلے لکھدو اور
دہائی کو ذہن مین رکھو بعد ازان مضروب کی دہائی کو مضروب فیہ
مین ضرب دیکے جسقدر دہائی ذہن مین ہو اوسکو مثل یکائی
سمجھکر اوسے حاصل ضرب مین جوڑ دو اور پھر دیکھو کہ اس جگہ
مین کسقدر یکائی ہین اور کسقدر دہائی اور جو یکائی ہو اوسکو مضروب
کے دوسرے ہندسہ کے تلے لکھو اور دہائی کو ذہن مین رکھکر
مضروب کے تیسرے ہندسہ کو مضروب فیہ مین ضرب دو اور
جو دہائی ذہن مین ہو اوسکو اوس حاصل ضرب مین جوڑکر یکائی
کو تو تیسرے ہندسہ مضروب کے تلے لکھو اور دہائی کو ذہن
مین رکھو اور اسیطرح پر نسبت باقی ہندسہ مضروب کے عمل کرتے

جاؤ جب تک جو مضروب مین بائین طرف اخیر ہندسہ ہی وہان تک نہ پہونچو اور اس اخیر ہندسہ کو مضروب فیہ مین ضرب دینے سے اور دہائی گذشتہ شامل کرنے سے بعد لکھدینے اکائی کے اخیر ہندسہ کے تلے جو دہائی بچے اوسکو بھی وہین بائین طرف لکھدو

مثال

۵۶۷۸ کو ۴ سے ضرب دو

اس مثال مین ۵۶۷۸ مضروب ہی اور ۴ مضروب فیہ تو حسب طریق ذیل مضروب اور مضروب فیہ کو لکھکر اوسکے تلے ایک خط مستقیم کھینچ دیا

۵۶۷۸
۴
——————
۲۲۷۱۲

اس مثال مین مضروب کے ہر ہندسہ کو ۴ مضروب فیہ سے ضرب دینا چاہیے اسطرح پر کہ ۴ اٹھے ۳۲ تو ۲ کو ۸ کے تلے لکھا اور ۳ ہاتھہ لگے پھر ۴ ستے ۲۸ اور ۳ جو ہاتھہ لگے تھے اسکو بھی ۲۸ مین جوڑ دیا تو ۳۱ ہوئے اس ۳۱ مین سے ایک کو ۷ کے تلے لکھا پھر تین ہاتھہ لگے بعد ازان

۴ چھکے ۲۴ اور ۳ ستائیس ۲۷ تو ۷ کو ۶ کے تلے لکھا ہاتھ لگے ۲ پھر ۴ پنجے ۲۰ اور ۲ بائیس ۲۲ ہوئے پس ۲ یکائی کا ۵ کے تلے لکھا اور ۲ دہائی اوسکے بائین طرف لکھدیا اور معلوم ہوا کہ ۸ ۷ ۶ ۵ کو ۴ مین ضرب دینے سے حاصل ضرب ۲۲۷۱۲ ہوتا ہے

مثال دوسری

۶ ۴ ۵ ۰ ۰ ۸ کو ۹ سے ضرب دو

مضروب ۶ ۴ ۵ ۰ ۰ ۸

مضروب فیہ ۹

۴ ۱ ۹ ۴ ۰ ۲ ۷

اِس مثال مین بھی حسب طریقہ بالا عمل کرنا چاہیے یعنے ۹ چھکے ۵۴ چار کو ۶ کے تلے لکھا ہاتھ لگے پانچ ۹ چوک ۳۶ اور جو پانچ ہاتھ لگے تھے اوسکو ۳۶ مین جوڑ دیا تو ۴۱ ہوا ایک کو ۴ کے تلے لکھا اور ہاتھ لگے ۴ پھر ۹ پنچے ۴۵ اور چار ۹ ۴ تو ۹ کو ۵ کے تلے لکھا اور ہاتھ لگے چار پھر ۹ کو صفر مین ضرب دیا تو صفر ہوا

اور اوس مین چار ملایا تو ۴ ہوا ۴ کو صفر کے تلے لکھا پھر ۹ کو صفر
مین ضرب دیا تو صفر ہوا اس صفر کو صفر کے تلے لکھا پھر ۹ کو ۸ مین
ضرب دیا ۷۲ ہوا تو ۲ کو آٹھ کے تلے لکھا اور ۷ کو اوسکے
بائین طرف لکھا اور حاصل ضرب ۷۲۰۴۹۱۴ ہوا

مثال تیسری

۸۷۰۶۵۴۳۲۱ کو ۱۲ سے ضرب دو

۸ ۷ ۰ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱
۱ ۲
۱ ۰ ۴ ۴ ۷ ۸ ۵ ۱ ۸ ۵ ۲

اس مثال مین مضروب فیہ مین دو ہندسہ ہین لیکن چونکہ ۱۲ کا
پہاڑا معلوم ہی تو ۱۲ مین ضرب دینا چندان دشوار نہین اور
ترکیب اوسکی یہہ ہی کہ بارہ اکین ۱۲ کے ۲ ہاتھہ لگا ایک ۱۲ دونا
۲۴ اور ایک ۲۵ کے ۵ ہاتھہ لگے ۲ بارہ تیان چھتیس ۳۶ اور
۲ اڑتیس کے ۸ ہاتھہ لگے تین بارہ چوک ۴۸ اور ۳ اکیاون
کے ایک ہاتھہ لگے پانچ بارہ ساٹھ ۶۰ اور ۵ پینسٹھ کے ۵
ہاتھہ لگے ۶ بارہ بہتر ۷۲ اور چھہ ۷۸ کے آٹھ ہاتھہ لگے ۷ پھر

۱۲ کو صفر مین ضرب دینے سے صفر ہی ہوا تو جو ۰ ہاتھ لگے تھے وہی ۰
صفر کے تلے لکھدیا پھر بارہ سے ۴ ۸ کے ۴ ہاتھ لگے ۸ بارہ آٹھے
۹۶ اور آٹھہ ۴ ۱۰ سب لکھدیا اور بالکل حاصل ضرب
۲ ۶ ۸ ۱ ۵ ۸ ۷ ۳ ۴ ۱۰ ہوا

سوالات ضرب جس صورت مین مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ نہین ہے

۱- ۴ ۳ ۵ کو چار مین ضرب دو

۲- ۳ ۷ ۶ کو ۳ مین ضرب دو

۳- ۷ ۶ ۸ ۲ کو ۵ مین ضرب دو

۴- ۲ ۹ ۴ ۷ کو ۲ مین ضرب دو

۵- ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ کو ۳ سے ضرب دو

۶- ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ کو ۴ سے ضرب دو

۷- ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ کو ۵ سے ضرب دو

۸- ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ کو ۶ سے ضرب دو

۹- ۷ ۵ ۰ ۲ کو ۷ سے ضرب دو

۱۰- ۹ ۸ ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۸ کو ۷ سے ضرب دو

۱۱- ۵۷۴۰۹ کو ۸ سے ضرب دو

۱۲- ۱۲۳۴۵۶۷۸۹ کو ۹ سے ضرب دو

۱۳- ۲۷۴۵۶۳۸ کو ۹ سے ضرب دو

۱۴- ۵۷۶۳ کو ۱۱ سے ضرب دو

۱۵- ۱۲۳۴۵۶۷۸۹ کو ۱۱ سے ضرب دو

۱۶- ۳۵۹۷۶ کو ۱۱ سے ضرب دو

۱۷- ۹۱۵۲۵ کو ۱۲ سے ضرب دو

۱۸- ۱۲۳۴۵۶۷۸۹ کو ۱۲ سے ضرب دو

۱۹- ۹۷۳۰۰۴۵۰۸ کو ۹ سے ضرب دو

۲۰- ۶۷۰۰۸۸۰۹۹ کو ۱۲ سے ضرب دو

۲۱- ایک قاصد ۲۰ میل روز چلتا ہی تو ۳۷ دن مین کتنے میل طے کریگا

۲۲- اگر ریل گاڑی گھنٹے بھر مین ۲۴ میل چلے تو ۱۲ گھنٹے مین کے میل جائیگی

۲۳- کسی اسکول مین ۵۷۵ طالب علم تھے اور افسر اسکول نے

ہر ایک طالب علم کو بارہ بارہ آم تقسیم کئے تو تبلاؤ کہ سب ملا کر کتنے آم لڑکون مین تقسیم ہوئے

۲۴- نو لڑکے باغ مین آم توڑنے گئے اور ہر لڑکے کے پاس نو نو تھیلیان تھین اور ایک ایک تھیلی مین چھتیس ۳۶ آم سماتے تھے چنانچہ سب لڑکے باغ مین سے آم توڑ کر سب تھیلیان بھر کر لائے تو تبلاؤ کہ سب کتنے آم لڑکے لائے

۲۵- تین جو کا ایک انچ ہوتا ہی اور بارہ انچ کا ایک فٹ اور تین فٹ کا ایک گز اور ساڑھے پانچ گز کا ایک پول اور چالیس پول کا ایک فرلانگ اور آٹھ فرلانگ کا ایک میل تو تبلاؤ کہ ایک میل کے جو اور کتنے فٹ اور کتنے گز کا ہوتا ہی

۲۶- کسی شخص کو چار سو روپیہ مشاہرہ ملتا ہی اور وہ شخص ۲۳ روپیہ ہر مہینے مین خرچ کرتا ہی تو تبلاؤ کہ برس روز مین اوسکی پاس کتنا روپیہ جمع ہو جائے گا اور ۱۲ برس مین کسقدر

۲۷- ایک قلعہ مین دو سو سوار ہین اور سوارون کے سہ چند گولنداز اور نو گنے پیادہ ہین تو تبلاؤ کہ اوس قلعہ مین جملہ کتنے

آدمی ہین

۲۸- ایک کھیت بشکل مستطیل ہی کہ اوسکا طول ۱۷ گز اور عرض ۱۲ گز ہی تو اوسکا رقبہ کسقدر ہی

۲۹- کسی شخص کو لعہ ماہواری بابت سود کے ملتے ہین تو نو برس مین اوسکو جملہ کتنے روپیہ بابت سود کے ملینگے

۳۰- ایک حوض مین تین نل ہین اور تینون نل کی راہ سے اوس حوض مین پانی آتا ہی اور نل اول سے ۷ سیر اور نل دوم سے ۱۲ سیر اور نل سوم سے ۲۲ سیر فی منٹ پانی آتا ہی اور اگر تینون نلیں کھلی رہین تو ۲۰ منٹ مین وہ حوض لبریز ہو جاتا ہی تو بتلاو کہ اوس حوض مین کے سیر پانی سماتا ہی

قاعدہ ضرب جس صورت مین مضروب فیہ ۱۲ سے زیادہ ہو اول مضروب کو لکھو اور اوسکے تلے مضروب فیہ اس ترتیب سے کہ یکائی کے تلے یکائی ہو اور دہائی کے تلے دہائی اور علی ہذا القیاس اور مضروب فیہ کے نیچے ایک خط مستقیم کھینچ دو بعدازان مضروب فیہ کی یکائی سے مضروب کے جملہ ہندسون کو ضرب دو اور یکائی

کے تلے سے حاصل ضرب کو رکھنا شروع کرو جب مضروب کے
جملہ ہندسون کو مضروب فیہ کی یکائی سے ضرب دے چکو
تب مضروب فیہ کی دہائی سے مضروب کے جملہ ہندسون کو ضرب دو
اور اب حاصل ضرب کو دہائی کے تلے سے رکھنا شروع کرو اسیطرح
سے مضروب فیہ کے ہر ہندسہ سے مضروب کے جملہ ہندسون کو
ضرب دیکر ایک ایک سطر مین لکھتے جاؤ مگر یہ لحاظ رہے کہ مضروب فیہ
کے جس عدد سے ضرب دو اوسی کے تلے سے حاصل ضرب کو
رکھنا شروع کرو اور بائین طرف اعداد حاصل ضرب کو لکھتے
جاؤ جب مضروب فیہ کے جملہ ہندسون سے مضروب کو ضرب
دے چکو تب جتنے ہندسہ مضروب فیہ مین باستثناء صفر ہین اوتنے ہی
سطرین حاصل ضرب کی ہونگی بعد ازان اون جمیع سطور حاصل
ضرب کے تلے ایک خط مستقیم کھینچ کر میزان دو مگر میزان دینے
مین یہ خیال رہے کہ جس ترتیب سے ہندسے لکھے ہون اوسی
ترتیب سے میزان دو اور جملہ سب اعداد کا حاصل ضرب
مطلوب ہوگا

مثال

۶ ۷ ۸ ۹ کو ۱۳ سے ضرب دو

۹۸۷۶
۱۳
۲۹۶۲۸
۹۸۷۶
۱۲۸۳۸۸

اِس مثال مین پہلے ۳ سے مضروب کے جملہ ہندسون کو ضرب دیکر اوسی ۳ کے تلے سے لکھنا شروع کیا اور جملہ حاصل ضرب کو ایک سطر مین لکھا بعد ازان ایک سے مضروب کے جملہ ہندسون کو ضرب دیکر اوسی ایک کے تلے سے بائین طرف دوسری سطر مین لکھا تو چونکہ مضروب فیہ مین دو ہندسہ ہین تو دو سطرین حاصل ضرب کی ہوئین اِن دونون سطرون کا جملہ کیا تو ۱۲۸۳۸۸ جملہ ہوا اور یہی حاصل ضرب مطلوب ہی فقط

مثال دوسری

۶۷۸۰۹ کو ۹۸ سے ضرب دو

۶۷۸۰۹ مضروب

۹۸ مضروب فیہ

۵۴۲۴۷۲

۶۱۰۲۸۱

۶۶۴۵۲۸۲ حاصل ضرب

مثال تیسری

۶۷۹۸ کو ۴۳۲ سے ضرب دو

۶۷۹۸ مضروب

۴۳۲ مضروب فیہ

۱۳۵۹۶

۲۰۳۹۴

۲۷۱۹۲

۲۹۳۶۷۳۶ حاصل ضرب

مثال چھٹی

۹۸۷۶ کو ۹۸۷۶ سے ضرب دو

۹۸۷۶	مضروب
۹۸۷۶	مضروب فیہ
۵۹۲۵۶	
۶۹۱۳۲	
۷۹۰۰۸	
۸۸۸۸۴	
۹۷۵۳۵۳۷۶	حاصل ضرب

مثال پانچویں

۸۴۹۶۴۲۷ کو ۸۷۰۵۹ سے ضرب دو

۸۴۹۶۴۲۷	مضروب
۸۷۰۵۹	مضروب فیہ
۷۶۴۶۷۸۴۳	
۴۲۴۸۲۱۳۵	
۵۹۴۷۴۹۸۹۰	
۶۷۹۷۱۴۱۶	
۷۳۹۶۹۰۴۳۸۱۹۳	حاصل ضرب

قاعدہ ضرب جس صورت مین کہ مضروب یا مضروب فیہ یا دونون صفر ہون

اگر صفر داہنی طرف یکائی اور دہائی وغیرہ کے مقام پر ہون تو صفر کو نظر انداز کر کے باقی ماندہ جو اعداد ہون اونکو ضرب دیکر حاصل ضرب دریافت کرو بعد ازان جسقدر صفر چھوڑ دئے ہون اونکو حاصل ضرب کے داہنی طرف لکھدو اور اگر مضروب فیہ کے وسط مین صفر پایا جائے تو اوسکو بھی چھوڑ دو مگر ضرب کرنے مین یہ خیال ضرور رہی کہ جس ہندسہ سے ضرب کرو اوسکے تلے سے حاصل ضرب لکھنا شروع کرو

مثال

۹۰۰۱۶۳۵ کو ۷۰۱۰۰ مین ضرب دو

۹۰۰۱۶۳۵
۷۰۱۰۰
———
۹۰۰۱۶۳۵
۶۳۰۱۱۴۴۵
———
۶۳۱۰۱۴۶۱۳۵۰۰ حاصل ضرب

مثال دوسری

۳۹۰۷۲۰۴۰۰ کو ۴۰۶۰۰ سے ضرب دو

```
 ۳۹۰۷۲۰۴۰۰
     ۴۰۶۰۰
 ---------
  ۲۳۴۴۳۲۲۴
 ۱۵۶۲۸۸۱۶
 ---------------
 ۱۵۸۶۳۲۴۸۲۴۰۰۰۰۰
```

قاعدہ ضرب جب کہ مضروب فیہ ۲ یا کئی اعداد کا حاصل ضرب ہے

